© rasailojaraid.com



۵۔ تاریخی نقشہ غزوات و سرایا، ۶۔ اعتراضات و شبہات کا ازالہ، ۷۔ جنگ و جدل عہدِ جاہلیت میں، ۸۔ احترام آدمیت، ۹۔ انسانی حقوق، ۱۰۔ محبت فاتح عالم، تحقیقی جائزہ، ۱۱۔ خطبہ حجۃ الوداع، ۱۲۔ استحکامِ پاکستان بوسیلۂ سیرت طیبہ، ۱۳۔ قیامِ پاکستان کے اسلامی تقاضے۔

اندازِ بیان سلیس، استدلال مضبوط اور پیشکش عمدہ ہے، طباعت اور سرِ ورق پر بھی محنت کی گئی ہے اور کاغذ بھی معمول سے ہٹ کر عمدہ استعمال کیا گیا ہے۔

اس طرح من حیث المجموع کتاب دیدہ زیب اور عوام و خواص کے لئے مفید ہے۔

مجلّہ: اخبار وطن "رحمۃ للعالمین نمبر"

مینجنگ ایڈیٹر: منیر حسین

ایڈیٹر: قاری حامد محمود قادری،

ضخامت: ۷۲ صفحات

ملنے کا پتہ: سی۔ ۶۸/ ۱۳ کمرشل اسٹریٹ فیز ۲، ایکسٹینشن، ڈیفنس کراچی،

تبصرہ نگار: ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری

منیر حسین کی شخصیت صحافت اور کھیلوں کے حوالے سے کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ اخبار وطن کھیلوں کا رسالہ ہے مگر جناب منیر حسین عرصہ دس سال سے مسلسل ربیع الاول کے موقع پر "رحمت اللعالمین نمبر" شائع کرتے ہیں۔

پیشِ نظر شمارہ "رحمت اللعالمین نمبر" کا گیارہواں شمارہ ہے۔ شاندار ٹائٹل، آرٹ پیپر پر کتابت و طباعت، اور علمی تحریرات پر مشتمل رحمۃ للعالمین نمبر ہر لحاظ سے جاذبِ قلب و نظر ہے۔ مضامین میں منیر حسین کا ورفعنالک ذکرک کے عنوان سے پیش لفظ، رحمت عالم بحثیت سربراہِ ملت از حکیم محمد سعید شہید، معلم کتاب و حکمت از شاہ مصباح الدین شکیل، محسن انسانیت کی عالم گیر عظمت از پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمد ثانی، سکھ، ہندو اور بدھ مت کے دانش وروں کا رحمت عالم ﷺ کو خراج عقیدت از ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری، محمد ﷺ، تاریخ انسانی کے سو عظیم انسانوں میں عظیم ترین تلخیص و ترجمہ حافظ محمود چشتی، ہر گزارش ہوئی آنسوؤں سے بیاں از مولانا سید ابوالحسن

© rasailojaraid.com